نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پنجاب کلین ائیر پروگرام کے تحت دھان کے کاشتکاروں کیلئے رینٹل سبسڈی کیلئے آن لائن رجسٹریشن جاری

لاہور:02اکتوبر2026 :ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر فیصل آباد،ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ، چنیوٹ، گجرات، منڈی بہاؤالدین، حافظ آباد، وزیرآباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال،شیخوپورہ،ننکانہ صاحب، لاہور،قصور ،اوکاڑہ،ساہیوال، پاکپتن،ملتان،لودھراں،خانیوال، وہاڑی اور بہاولنگر کے دھان کے کاشتکار سپر سیڈرز کے استعمال پر 5ہزار روپے فی ایکڑ (زیادہ سے زیادہ 25ہزار روپے تک) کی سبسڈی حاصل کر سکتے ہیں۔اس ضمن میں خواہشمند کاشتکار آن لائن رجسٹریشن کیلئے ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk یا http://kissanmadadgar.agrimec.gop.pk/home کا وزٹ کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ سپر سیڈرز کے استعمال سے دھان کی باقیات زمین میں شامل ہو جاتی ہیں۔گندم کی لائنوں میں کاشت ہوتی ہے اور بیج کے قریب کھاد ڈالنا اور سہاگہ لگانا ممکن ہوتا ہے جس سے پیداواری لاگت میں کمی واقع ہوتی ہے۔

☆☆☆☆